22/07/2025

09:25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجاز ہ اختر سے خبریں سُنیے۔

جگدیپ دھنکھڑ

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑنے طبی وجوہات کی بنا پر اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے ۔ صدر جمہوریہ درو پدی مرمو کو بھیجے گئے ایک خط میں انہوں نے کہا کہ صحت کو ترجیح دینے اور ڈاکٹروں کے طبی مشوروں پر عمل کرنے کیلئے وہ اپنے عہدے سے فوری طور مستعفی ہو رہے ہیں۔ انہوننے بحیثیت نائب صدر انہیں ہر وقت تعاون پیش کرنے کیلئے صدر جمہوریہ درو پدی مرمو ، وزیر اعظم نریندرمودی اور وزیروں کی کونسل کا شکریہ ادا کیاہے۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ منشیات کے بڑھتے رجحان پر قابو پانے کیلئے سماج کے سبھی طبقوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو موثر رول ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن سرینگر میں منشیات سے متعلق ایک سمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ حکومت اس لعنت پر قابو پانے کیلئے تن دہی اور لگن کے ساتھ کام کر رہی ہے۔بعد میں انہوننے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

........

چیف سیکریٹری

ٹیلی کام وزارت کے سیکریٹری نیرج متل اور جمونکشمیر کے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی مشترکہ صدارت مینکل ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوراں جموں وکشمیر میں Amended پروگرام کی عمل آوری کا جائزہ لیا گیا ۔ میٹنگ میں دیہی بھارت میں پائے جائے والے Bharanet ڈیجیٹل خلا کو پر کرنے کے عزم کا اعادہ کیاگیا جہاں پر براڈبینڈ استعمال کرنے والوں کی شرح محض 2فیصد ہے جبکہ شہری علاقوں میں یہ شرح33فیصد ہے ۔ پروگرام کو ڈیجیٹل گورننس جموں کشمیر کے دیہی علاقوں ABPکیلئے انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے چیف سیکریٹری نے کہاکہ میں تیزی رفتار انٹر نیٹ فراہم کرنے میں ایک انقلابی رول ادا کرے گا ۔

ایک اور میٹنگ میں چیف سیکریٹری نے جموں کشمیر میں Competitiveness Improvement of Agriculture and Allied Sectors Project JKCIP کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں

پروجیکٹ کی پیشرفت ، اینول ورک پلان ، مالی میکا نزم اور مستقبل کے لائحہ عمل پر توجہ کھیتی باڑی کو فروغ دیا جا سکے-Climate Resielient مرکوز کی گئی تاکہ یوٹی میں

شانت منو

اعلیٰ تعلیم محکمہ کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شانت منو نے گورنمنٹ گاندھی میموریل کالج جموں میں اگنو کے Learner سپورٹ سینٹر کا افتتاح کیا ۔ اس موقعے پر انہوں نے کہاکہ تعلیم کے موجودہ بدلتے منظر نامے میں قابل رسائی اور لچکدار تعلیم کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ کے صدر برائے جموں کشمیر جی ایم شاہین نے کل راج بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ انہوں نے دہشت پسندی کے شکار کنبوں کی بہبود اور باز آباد کاری کیلئے ایل جی انتظامیہ کی طرف سے کئے جا رہے اقدامات کیلئے ایل جی انتظامیہ کی تعریف کی۔

ملاقات

اسی دوران نیشنل انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگر کے بورڈ آف گورنرس کے سابق چیر مین ،کشمیر یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر نصیر اقبال اور یونیورسٹی کے Zarabi ڈاکٹر ایم جے شمالی کیمپس کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شیخ غلام محمد نے بھی راج بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کی۔

سرمد حفیظ

سماجی بہبود محکمہ کے کمشنر سیکریٹری سرمد حفیظ نے ایک میٹنگ کے دوران کشمیر ڈویژن میں محکمہ کی سکیموں اور پروجیکٹوں کی کار کردگی اور پیشرفت کا جائزہ لیا۔ کمشنر سیکریٹری نے پنشن اور میریج اسسٹنس اسکیم کی شفاف عمل آوری پر زور دیتے ہوئے یہ بات یقینی بنانے کی ہدایت دی کہ مستحق لوگوں کو بغیر کسی تاخیر کے فوائد مہیا کرائے جائیں ۔ نشہ مکت بھارت ابھیان کی عمل آوری پر زور دیتے ہوئے سماجی سطح پر بیداری پیدا کرنے کی ضرورت بھی کمشنر موصوف نے اجا گر کی ۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا دونوں روایتی راستوں سے احسن طور جاری ہے ۔ اعدادو شمار کے مطابق کل شام تک 3لاکھ 20ہزار9سو یاتریوں نے امر ناتھ گپھا میں حاضری دی تھی ۔دریں اثنا آج صبح8بجے تک مزید9سو46یاتریوں نے گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے تھے۔

اس بیچ جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح3ہزار5سو36یاتریوں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ۔

سکمز

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسزصورہ نے عام لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اسپتال اوررپورٹ حاصل کرنے کی سہولیات Appointment کی طرف سے شروع کئے گئے آن لائن سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کریں۔

اور patient-appointments.skims.ac.in کیلئے ویب سائٹAppointments اس ضمن میں پر رابطہ قائم کیاجا سکتا ہے ۔ Patient-services.skims.ac.in جانچ رپورٹوں کیلئے

اس تعلق سے سکمز صورہ کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت23 اعشاریہ2ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

................................

......................

.........